سوال

(18) میت کے کفن پر کوئی سورت وغیرہ لکھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میت کو غسل دے کر کفن پہنا کر کفن پر کوئی سورت وغیرہ لکھنا جائز ہے یا نہیں؟ (محمد عرفان محمدی، ضلع وہاڑی) (۳۰ اگست ۱۹۹۶ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

کفن پر کچھ لکھنا کتاب وسنت سے ثابت نہیں۔ صحیح حدیث میں ہے:

'مَن أَحدَثَ فِی أَمرِنَا ہٰذَا مَا لَیسَ مِنہُ فَہُوَ رَدٌّ' (صحیح البخاری، باب إِذَا اصطَلَحُوا عَلَی صُلحِ جَورٍ فَالصُّلحُ مَردُودٌ، رقم: ۲۶۹۷)

''یعنی جو دین میں اضافہ کرے وہ مردود ہے۔''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد: 3، کتاب الجنائز: صفحہ: 88

محدث فتویٰ